© rasailojaraid.com






**نام کتاب: وہ پروانے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تالیف: مولانا جمیل الرحمٰن عباسی**

**ناشر: ادارہ صدائے اہلِ سنت، کراچی۔ صفحات: ۲۸۸ قیمت: درج نہیں**

صحابہ نام ہے ان نفوسِ قدسیہ کا جنھوں نے محبوب ومصدوق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے روئے مبارک کو دیکھا اور اس کی تجلیاتِ ایمانی کو اپنے ایمان اور عمل میں پوری طرح سمولیا۔ اللہ رب العزت نے اُن کے ہدایت یافتہ ہونے کا خود اعلان فرمایا، اُن کے ایمان کو آخری کتاب قرآنِ مجید میں مثالی قرار دیا اور کتنی ہی آیات ہیں جو اُن کی شان میں نازل ہوئیں۔ مثلاً: ''رضی اللّٰہ عنھم و رضوا عنہ ''۔ اللہ اُن سے راضی ہو چکا اور وہ اللہ سے راضی ہو چکے، ''وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى '' اور سب (صحابہؓ) سے وعدہ کیا ہے اللہ نے خوبی کا۔ یہ وہ خوش نصیب جماعت ہے کہ جس کو دنیا میں ہی مغفرت، رضاءِ الٰہی اور جنت کی ضمانت دے دی گئی۔

یہی خوش بخت جماعت ہے کہ جس کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ حق سے یہ ارشاد ہوا: ''لَا تَمَسُّ النَّارُ مَنْ رَاٰنِیْ اَوْ رَاٰیٰ مَنْ رَاٰنِیْ'' یعنی میرے دیکھنے والوں کو آگ چھوئے گی بھی نہیں اور نہ ہی میرے صحابہ کے دیکھنے والوں کو آگ چھوئے گی۔ اور اسی پاکیزہ جماعت کو معیارِ نجات بھی قرار دیا، فرمایا: ''اُمّت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی، سب کے سب فرقے جہنم میں ہوں گے سوائے ایک فرقہ کے، صحابہؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ کون سا فرقہ ہو گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں''۔

صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت ایمان کا حصہ ہے بصورتِ دیگر ایمان ناقص ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنھن کے ایمان افروز تذکرے اور سوانح حیات کے حوالے سے اہلِ علم نے کئی کتب تصنیف کی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جو ایک مذہبی اخبار میں باقاعدگی سے چھپنے والے مقبولِ عام وخاص مضامین کا مجموعہ ہے، جس میں چالیس سے زائد اصحاب کا مبارک تذکرہ ہے، اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ مصنف نے نثر کے ساتھ ساتھ نظم کی صورت میں بھی حضراتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی مدح سرائی کر کے کتاب کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ اہلِ علم واہلِ ذوق حضرات کے لیے کسی تحفے سے کم نہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مؤلف کی اس کاوش کو قبول فرما کر آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے اور ہمیں اس پُرفتن دور میں اتباعِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم واتباعِ صحابہؓ کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com